## سوال

(484) قربانی کا گوشت سب سے پہلے کس نے کھایا تھا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قربانی کا گوشت سب سے پہلے کس نے کھایا تھا؟ ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں قربانی کا گوشت آگ کھایا کرتی تھی۔ آگ کے بعد سب سے پہلے کس انسان نے قربانی کا گوشت کھایا تھا؟ اس کا نام بتائیں۔ شکریہ) (ایک سائل قمر الزمان فیروزپوری) (۳۱ جولائی ۱۹۹۸ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سب سے پہلے نذر و نیاز کی حلت و اباحت حضرت عیسیٰ بن مریم رضی اللہ عنہما کے لیے ہوئی جس طرح کہ ''تفسیر قرطبی'' و ''تفسیر بیضاوی'' وغیرہ میں مصرح ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ ان اشیاء کا استعمال انھوں نے کیا ہو گا۔ بعد میں یہی اباحت امتِ محمدیہ کے لیے برقرار رہی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 366

محدث فتویٰ